بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ

ماہوار رسالہ

مرقع قادیانی

جلد ۴ | امرتسر یکم مارچ ۱۹۳۳ء | نمبر ۱۱

پہلے مجھے دیکھئے

مرقع کی فریاد

ناظرین کرام! "مرقع قادیانی" کا دَور جدید دو سال سے شروع ہے۔ اس کے مضامین کی بابت تو آپ کی رائے درست ہوگی جو آپ فرمادینگے وہی معتبر۔ مگر دفتر کا یہ کہنا تو آپ کو بھی مسلم ہوگا کہ "مرقع" وقت کا پورا پابند ثابت ہوا۔ دوسرے اخبارات اور رسائل کی طرح ایک دفعہ بھی لیٹ نہیں ہوا۔ یہ نمبر اس جلد کا گیارہواں ہے۔ اس کے بعد یہ جلد ختم ہوگی انشاءاللہ۔ اس لئے آپ لوگوں سے آیندہ کیلئے مشورہ طلب ہے کہ مرقع کو جاری رکھا جائے یا بند کردیا جائے؟ یاد رہے کہ جاری رکھنے کی رائے دینے والے اصحاب کا فرض ہوگا کہ ختم سال سے پہلے ہی کم سے کم ایک ایک دو دو خریدار مستقل مہیا کریں۔ ورنہ حالت موجودہ میں مرقع کا جاری رہنا محال نہیں تو مشکل ضرور ہوگا۔

جواب باصواب کا منتظر

اڈیٹر "مرقع"